© rasailojaraid.com

اصحاب ذوق کے لئے یہ ایک تحفۂ سینہ ہے۔

تفہیم المسلم جزء ۲ از مولانا فضیل الرحمٰن ہلال عثمانی۔ تقطیع کلاں ضخامت ۸۷ صفحات، کتابت وطباعت بہتر، قیمت ۲/۵۰ پتہ: دار المعارف دیوبند

یہ ایک مسلسل کتاب ہے جس کے جزء اول پر ان صفحات میں تبصرہ ہوچکا ہے۔ اس جزء میں صحیح مسلم کی کتاب الایمان کی ۴۷ حدیثوں کی تشریح وتوضیح مع اردو ترجمہ کے۔ دار العلوم دیوبند کے اکابر محدثین واساتذہ علم حدیث کے افادات کی روشنی میں سہل آسان اور عام فہم زبان میں کی گئی ہے۔ اس بنا پر اس کی افادیت میں کلام ہو ہی نہیں سکتا۔ البتہ یہ جتا نا ضروری ہے کہ کتابت میں ترتیب نہیں ہے۔ یعنی مثلاً ایک مضمون اگر کسی ایک صفحہ پر نامکمل رہ گیا ہے تو اس کا بقیہ اس صفحہ کے فوراً بعد والے صفحہ پر درج نہیں ہے۔ بلکہ اس کے بعد کسی اور صفحہ پر درج ہے۔ اس سے قاری کو الجھن ہوتی ہے۔ علاوہ ازیں یہ بالکل پتہ نہیں چلتا کہ لائق مرتب نے کونسی بات کس استاد سے لی ہے۔ کہیں کہیں فتح الملہم کا حوالہ تو ہے اور ایک جگہ ترجمان السنہ کا بھی۔ لیکن مولانا بلیاوی اور مولانا مدنی کا حوالہ کہیں نہیں ہے۔ بہرحال کتاب عام اردو خواں حضرات اور حدیث کے طلبا اور اساتذہ کے لئے بھی مفید اور لائق مطالعہ ہے۔

(۱) **معین التجوید** از مولانا قاری سید رضا حسن، ضخامت ۴۲ صفحات قیمت ۳۰ پیسے

(۲) **اسلام کا نظام عبادت ومعاشرت** مولانا فضیل الرحمٰن عثمانی ضخامت ۱۳۱ صفحات قیمت -/۲

(۳) **ارکان اسلام** مولانا احتشام الحسن کاندھلوی ضخامت ۴۷ صفحات قیمت 1/75

تقطیع خورد، کتابت وطباعت بہتر پتہ: مکتبہ دار المعارف دیوبند

پہلا رسالہ اگرچہ بہت مختصر ہے لیکن بہت مفید بھی ہے اس میں فن تجوید کی ضرورت واہمیت اور اس کے اصول وضوابط اور قرآن مجید کے رموز واوقاف اور اس کے آداب تلاوت کا بیان ہے۔ ہر مسلمان کو ان چیزوں سے واقف ہونا ضروری ہے تاکہ تلاوت میں کوئی غلطی نہ نہ کرے جو عظیم خسارہ کا سبب بن سکتی ہے۔ دوسری کتاب عبادات اور حسن معاشرت کے احکام ومسائل اور ان کے فوائد وحکم پر مشتمل ہے۔ تیسری کتاب میں بھی ارکان اربعہ یعنی نماز روزہ اور

© rasailojaraid.com